اقوام متحدہ کا کنونشن برائے حقوق اطفال

1
میری عمر18 سال سے کم ہے اسلیے یہ میرے حقوق ہیں

2
یہ میرے حقوق ہیں چاہے کچھ بھی ہو

3
کسی بھی فیصلے میں اس بات کی رعایت ہونی چاہیے کہ میرے لیے کیا بہتر ہے

4
میری حکومت کواس بات کو یقینی بنانا چاہیے کہ میں اپنے تمام حقوق حاصل کر سکوں

5
میرے والدین/نگہ داروں کومدد ملنی چاہیے تاکہ میں اپنے تمام حقوق حاصل کر سکوں

6
مجھے زندگی کا حق حاصل ہے

7
مجھے نام اور قومیت کا حق حاصل ہے

8
مجھے شناخت کا حق حاصل ہے

9
مجھے اپنے خاندان کے ساتھ رہنے کا حق حاصل ہے اگر وہ میرے لیے بہترین ہے

10
مجھے اپنے خاندان سے ملاقات کا حق حاصل ہے اگر وہ میرے ساتھ نہیں رہتے ہیں

11
مجھے اس بات کا حق حاصل ہے کہ مجھے میرے ملک سے غیرقانونی طور سے باہر نہ لے جایا جائے

12
مجھے حق حاصل ہے کہ میرے خیالات کو سنا جائے اور سنجیدگی سے لیا جائے

13
مجھے اپنے ما فی الضمیر کے اظہار کا حق حاصل ہے

14
مجھے اپنے خیالات، عقائد اور مذہب کا حق حاصل ہے

15
مجھے اپنے دوستوں سے ملنے اور گروپوں میں شامل ہونے کا حق حاصل ہے

16
مجھے اپنی پرائیویسی کا حق حاصل ہے

17
مجھے قابل اعتماد معلومات تک رسائی کا حق حاصل ہے

18
مجھے دونوں والدین کی طرف سے پرورش پانے کا حق حاصل ہے، اگر ممکن ہو

19
مجھے تشدد، بدسلوکی اور نظراندازی سے محفوظ رہنے کا حق حاصل ہے

20
اگر میں اپنے خاندان کے ساتھ نہیں رہ سکتا تو مجھے مناسب دیکھ بھال اور تحفظ کا حق حاصل ہے

21
اگر مجھے گود لیا جائے تو مجھے بہترین دیکھ بھال کا حق حاصل ہے

22
اگر میں مہاجر ہوں تو مجھے دیکھ بھال اور تحفظ کا حق حاصل ہے

23
اگر مجھے معذوری ہے تو مجھے خصوصی تحفظ اور مدد کا حق حاصل ہے

24
مجھے اچھی نگہداشت صحت کا حق حاصل ہے

25
اگر میں اپنے خاندان سے دور ہوں تو میرے علاج اور دیکھ بھال کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جانا چاہیے

26
میرے خاندان کو ضرورت پڑنے پر مالی مدد ملنی چاہیے

27
مجھے کھانے ، کپڑے اور صاف ستھرے محفوظ گھر کا حق حاصل ہے

28
مجھے تعلیم کا حق حاصل ہے

29
مجھے اپنی پوری صلاحیت کو بروئےکار لانے کا حق حاصل ہے

30
مجھے اپنی ثقافت، رسم و رواج، زبان آور مذہب کے بارے میں جاننے کا حق ہے

31
مجھے آرام کرنے، کھیلنے اور ثقافتی سرگرمیوں میں حصہ لینے کا حق ہے

32
مجھے خطرناک کام کرنے سے محفوظ رہنے کا حق حاصل ہے

33
مجھے غیر قانونی منشیات سے محفوظ رہنے کا حق حاصل ہے

34
مجھے جنسی زیادتی سے تحفظ حاصل کرنے کا حق حاصل ہے

35
مجھے اغوا، فروخت اور ٹریفکنگ سے محفوظ رہنے کا حق حاصل ہے

36
مجھے نقصان سے محفوظ رہنے کا حق ہے

37
اگر مجھ پر قانون توڑنے کا الزام لگایا جائے تو میرے ساتھ احترام اور دیکھ بھال کے ساتھ سلوک کیا جانا چاہیے

38
مجھے کم از کم 15 سال کی عمر تک فوج میں شامل نہیں ہونا چاہیے

39
مجھے اضافی مدد کا حق حاصل ہے اگر مجھے چوٹ لگی ہو ، نظر انداز کیا گیا ہو یا میرے ساتھ برا سلوک کیا گیا ہو

40
اگر مجھ پر قانون توڑنے کا الزام لگایا جاتا ہے، تو مجھے قانونی مدد اور منصفانہ سلوک کا حق حاصل ہے

41
جب میرے ملک میں بچوں کے تحفظ کے لیے اضافی قوانین ہوں تو ان پر عمل کرنا ضروری ہے

42
مجھے اپنے تمام حقوق کے بارے میں جاننے کا حق ہے

PLANT YNG NGHYMRU
CHILDREN IN WALES

CYMRU IFANC
YOUNG WALES